AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 13 October 2026
Time : 12:30 PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

وزیراعظم

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کا مقصد عوام کو بااختیار بنا کر ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہے۔نئی دہلی میں بلومبرگ نیوا اکانومی فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور ڈیٹا جیسے شعبوں کو ترقی کے اہم ذرائع قرار دیا۔

وزیرِاعظم نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی میں بھارت کے 25 کروڑ افراد غربت سے باہر آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں اسٹارٹ اَپس کی تعداد ڈھائی لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے، جن میں تقریباً نصف سے زیادہ چھوٹے شہروں اور قصبوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ 45 فیصد سے زائد سٹارٹ اَپس میں کم از کم ایک خاتون ڈائریکٹر یا شراکت دار کے طور پر شامل ہے۔

بیمسٹیک

آج نئی دلی میں بھارت کی میزبانی میں BIMSTEC ممالک کے وزرائے داخلہ کا پہلا اجلاس منعقد ہو رہا ہے۔مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ اجلاس کا مقصد دہشت گردی، منشیات، ہیومن ٹریفکنگ، منظم جرائم اور سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے تعاون مضبوط بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ مشترکہ کوششوں سے خطے کو تمام جرائم سے محفوظ بنایا جائے گا۔بمسٹیک میں بھارت، میانمار، سری لنکا، بنگلہ دیش، بھوٹان، نیپال اور تھائی لینڈ شامل ہیں۔بیمسٹیک کا مقصد علاقائی اقتصادی اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

وزیرِاعلیٰ

وزیرِاعلیٰ عمر عبداللہ نے ترقیاتی عمل کے ساتھ ساتھ ماحولیات کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت، باغبانی، بنیادی ڈھانچے اور سیاحت جیسے اہم شعبوں میں ترقی کیلئے پائیدار طریقہ کار اختیار کرنا ناگزیر ہے۔

وہ شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر، اور انٹیگریٹڈ ماؤنٹین Initiative کے باہمی اشتراک سے جموں وکشمیر میں پائیدار پہاڑی ترقی سے متعلق منعقدہ سمٹ کا افتتاح کرنے کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے۔

وزیرِاعلیٰ نے کہا کہ پہاڑی ماحولیاتی نظام کا تحفظ آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل، معاشی خوشحالی اور مقامی آبادی کے روزگار کے تحفظ کیلئے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔

اس موقع پر وزیرِ زراعت جاوید ڈار اور وزیرِاعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

نوراتری

9 دنوں تک جاری رہنے والے نوراترا تہوار کا آج تیسرا دن ہے۔ ان دنوں مندروں خاص طور سے کٹرا میں شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن پر خصوصی پوجا پاٹ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ استھاپن پر ملک کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شردھالو بھاری تعداد میں حاضری دے رہے ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے ایک سوشل میڈیا پیغام میں آج نوراترا کے تیسرے روز لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے پرارتھنا کی ہے کہ یہ تہوار ملک کیلئے خوشحالی اور امن واستحکام کی نوید لیکر آئے۔

پونچھ

پونچھ ضلع میں لائن آف کنٹرول کے نزدیک بارودی سرنگ کے دھماکے میں لشکرِ طیبہ کے ایک کمانڈر سمیت چار دہشت پسند مارے گئے ہیں۔ یہ دہشت پسند کرشنا گھاٹی سیکٹر کے نانگی ٹکری علاقے سے دراندازی کی کوشش کر رہے تھے۔

مارے گئے دہشت پسندوں کی شناخت پاکستان مقبوضہ کشمیر کے محمد فیضان، محمد اشتیاق، محمد وقاص اور محمد عاصم کے ناموں سے ہوئی ہے۔

مشیر

بھارت نے کہا ہے کہ انسانیت کے خلاف جرائم کے زمرے میں دہشت گردانہ کارروائیوں کو مجوزہ بین الاقوامی کنونشن میں شامل کیا جانا چاہیئے۔

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی چھٹی کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کی مشیر R.Mythili نے کہا کہ انسانی حقوق کے تحفظ، مجرموں کے احتساب اور متاثرین کو انصاف فراہم کرنے کے لئے تمام ممالک کو ذمہ داری اٹھانی ہوگی۔انہوں نے اس موقعے پر قومی خودمختاری کے احترام پر بھی زور دیا۔

ای سی آئی

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے ایک ملک گیر مہم شروع کر رہا ہے۔اس مہم میں تمام اہل ووٹروں کے نام ووٹر فہرستوں میں شامل کئے جائیں گے۔اس مہم کی شروعات 18 اکتوبر کو دلی سے ہوگی۔

انٹرنیٹ

بھارت میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد جون 2026 کے اختتام تک بڑھ کر ایک ارب 11 کروڑ 41 لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے، جبکہ مارچ میں یہ تعداد ایک ارب 9 کروڑ 28 لاکھ تھی۔

ٹیلی کام ریگولیٹری اتھارٹی آف انڈیا کی رپورٹ کے مطابق براڈ بینڈ صارفین کی تعداد میں 2 اعشاریہ صفر 3 فیصد اضافہ ہوا۔

اسی دوران ٹیلی فون صارفین کی تعداد ایک ارب 34 کروڑ تک پہنچ گئی، جبکہ ملک میں ٹیلی ڈینسٹی بڑھ کر 94 اعشاریہ تین ایک فیصد ہوگئی۔

عالم دن

آج Disaster Risk Reduction کا بین الاقوامی دن ہے۔اس دن کا مقصد قدرتی آفات جیسے زلزلے، سیلاب اور طوفان سے پیدا ہونے والے نقصانات کو کم کرنے اور عوام میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

اس سال کا موضوع ہے Resilience starts at home۔اقوام متحدہ کے تحت منائے جانے والے اس دن کے ذریعے آفات سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری، موثر منصوبہ بندی اور حفاظتی اقدامات کی اہمیت اجاگر کی جاتی ہے، تاکہ انسانی جانوں کے ذیاں اور املاک کو محفوظ بنایا جاسکے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خداحافظ